# پرائمری اول کے طلباء کے لیےسیکھنے کے عمل میں مشکلا ت کی فوری نشاندہی اوراس کا  پروگرام




Urdu
محکمہ تعلیم
烏爾都語
2016


یہ پروگرام ایک سالانہ مشق ہے جس کا نفاذ ہانگ کانگ کے سرکاری اسکولوں نے کیا ہے۔ اس کا مقصد پرائمری اول کے طلباء جن کو سیکھنے کے عمل میں مشکلات درپیش ہیں ان کی فوری نشاندہی کرنے میں اسکولوں کی مدد کرنا ہے ،تاکہ ان کو منا سب بروقت امداد مہیا کی جا سکے ۔

اس کام کا انتظام تعلیمی نفسیات دانوں کی پیشہ ورانہ مدد سے اسکول میں طلبا کی امدادی ٹیم (SST) کرتی ہے۔

اس پروگرام کے اجزاءہیں:



# سیکھنے کے عمل میں مشکلات کے شکار پرائمری اول کے طلباء ممکنہ طور پر مندرجہ ذیل رویہ کا اظہار کرتے ہیں




## پڑھنا اور نمبروں کا نظریہ

- سادہ الفاظ یا اسی وقت سیکھے ہوئے الفاظ کے پڑھنے میں ناکامی
- بنیادی نمبروں کا نظریہ ، ایک ہندسہ کی سادہ جمع اور تفریق کو سمجھنے میں ناکامی

## تحریر

- سادہ الفاظ کے لکھنے میں ناکامی
- بے ڈھنگ طریقے سے پینسل پکڑنا
- لکھتے ہوئے باربار مٹانا
- الفاظ یا حروف کے جزوالٹے لکھنا

## توجہ

- آسانی سے توجہ ہٹ جانا
- سیٹ پر بیٹھے رہنے میں ناکامی
- آسانی سے تھک جانا

## زبان کی صلاحیت

- عام بول چال کے سادہ جملے سمجھنے میں ناکا می
- واضح طور پر اپنی ضروریات کو بیان کرنے میں ناکامی

## یاداشت

- ایک سے زیادہ مراحل پر مشتمل زبانی ہدایات کو سمجھنے میں ناکا می
مثلا: ‘‘کھانے کی تیلیاں لائیں / باورچی خانہ سے / اورانہیں میز پر رکھیں۔ ‘‘

# پروگرام کے کام کی ترتیب

## مشاہدہ
**ستمبر سے دسمبر**

اساتذہ ہر P1 طالب علم کے سیکھنے اور سماجی مطابقت کا مشاہدہ کرتے ہیں۔

## نشاندہی
**دسمبر سے جنوری**

1. ایسے طلبا جن کے بارے میں گمان ہو کہ انھیں سیکھنے کے عمل میں مشکلات درپیش ہیں،اساتذہ ان کے لیے اساتذہ کے لیے مشاہدہ چیک لسٹ(OCT) مکمل کرتے ہیں ؛ اور
2. OCT کی طرف سے فراہم کردہ شرائط کے مطابق سیکھنے کے عمل میں کم درجہ یا نمایاں مشکلات والے طلبا کی نشاندہی کرنا۔

## ماہرین کی طرف سے تشخیص
**فروری سے جولائی**

EPs ضرورت کے مطابق مشاورت یا تشخیص فراہم کرتے ہیں ۔

## مشاورت اور تشخیص
**وسط جنوری سے جولائی**

تعلیمی نفسیات دان (EPs)اسکولوں کی مدد کرتے ہیں۔

1. ہر طالب علم کے OCT کے نتائج کا تجزیہ کرکے؛
2. مداخلتی منصوبہ بندی کرکے؛
3. "ہانگ کانگ کی پرائمری اسکولوں کے طلباءکی پڑھنے اور لکھنےکی مخصوص سیکھنے کی مشکلات کی رویہ چیک لسٹ"کو لاگو کرتے ہوئےطلباء کی نشاندہی کرتے ہیں جنہیں پڑھنے اور لکھنے میں ہونے والی مشکلات کا سامنا ہو اور جہاں ضروری ہو؛ اور
4. ان طلباء کے لیے تشخیص کا انتظام کرکے جن کو سیکھنے میں شدید مشکلات کی نشاندہی کی گئی ہو۔

## طلباءکی رواں نگرانی اور مداخلت
**جنوری سے جولائی**

SST سیکھنے میں مشکلات کے شکار طلباً کے لیے سیکھنے کے امدادی پروگراموں کو ترتیب دیتی ہے اور ان کا نفاذ کرتی ہے، بذریعہ

1. سیکھنے کے امدادی پروگراموں کا انعقاد؛
2. مطابقت کے لیے تشخیص اوراسکول کے کام کے سلسلے میں والدین کے ساتھ باہمی تعاون؛ اور
3. طلباء کی بہتری کی نگرانی اور مداخلت کو موافق بنانا

آنے والا تعلیمی سال

## ماہرین کی طرف سے تشخیص

EPs ضرورت کے مطابق مشاورت یا تشخیص فراہم کرتے ہیں ۔

## مشاورت اور نظرثانی

EPs اسکولوں کی مدد کرتے ہیں

1. طلبا کی کارکردگی پر نظر ثانی کرنے میں ؛
2. ایسے طلباء کے لیے تشخیص کا انتظام کرنے میں جو مسلسل سیکھنے میں مشکلات کا شکار ہوں؛ اور
3. ماہرین کی تشخیص کے نتائج کی روشنی میں طلباء کے لیے مداخلت کے منصوبہ پر نظرثانی کرنے میں ۔

## مابعد امداد/ کارکردگی پر نظر ثانی

ایسے طلباء جو تسلی بخش کارگردگی نہیں دکھارہے، اسکول

1. ان کے سیکھنے کے لیے اضافی مدد فراہم کرتے ہیں ؛ اور
2. ان کی کارکردگی پر باقاعدگی سے نظرثانی کرتے ہیں ۔

ایسے طلباء جو تسلی بخش کارکردگی دکھا رہے ہیں،مضمون اساتذہ جاری رکھیں گے

1. ان کے سیکھنے کی نگرانی ؛ اور
2. ضرورت کے مطابق مدد کی پیشکش ۔

# سیکھنے میں مدد

## کمرہ جماعت میں مدد

مثلاً



- نصاب سے مطابقت
- کمرہ جماعت میں تدریسی طریقہ کار میں موافقت
- سکول کے کام کے ساتھ مطابقت
- تشخیص سے مطابقت

## گروپ پروگرام

مثلاً




- پڑھنے اور لکھنے کے لیے تربیتی گروپ
- تعلیمی صلاحیتوں کے لیے تربیتی گروپ
- باہمی پڑھنے کے لیے گروپ
- توجہ دینے کے لیے تربیتی گروپ
- سماجی صلاحیتوں کے لیے تربیتی گروپ
- والدین۔ رضا کار پروگرام
- طلبا کا باہمی ٹیوشن پڑھانے کا پروگرام

# گھر۔ اسکول کے درمیان تعاون کو فروغ دینا

## والدین کی حوصلہ افزائی کی جا تی ہے کہ

- اسکولوں کی جانب سے منعقد کی جانے والی ابتدائی ہدایات میں حاضر ہوں اور " پرائمری اول کے طلباء کے لیےسیکھنے کے عمل میں مشکلا ت کی فوری نشاندہی اوراس میں مداخلت کا پروگرام " کے ساتھ خود کو متعارف کروائیں؛
- اساتذہ کے ساتھ بچے کے سیکھنے کے عمل کے بارے میں گفتگو کرنا؛
- مداخلت پروگرام کے سلسلے میں اسکول سے تعاون کریں؛اور
- اسکول کی طرف سے منعقد کردہ "الفاظ کی پہچان میں مہارت"، "کثیر الحسی سیکھنے کا عمل" اور "باہمی پڑھنے میں مہارت" کے موضوعات پر کورسوں میں شرکت کریں۔



## سوال و جواب

1)
اگر والدین کوشک ہو کہ اُن کے بچے کو سیکھنے میں مشکل در پیش ہے تو انہیں کیا کرنا چاہیے ؟

والدین کو اساتذہ سے بچے کی سیکھنے اور اسے درکار مدد کے بارے میں جاننے کے لیے رابطہ کرنا چاہیے۔

2)
اگر بچے کی سیکھنے کے عمل میں مشکلات کی پروگرام کے ذریعہ شناخت ہوجائے تووالدین کو بچے کی کیا مدد کرنی چاہیے

اس پروگرام کا مقصد یہ ہے کہ بچے کی سیکھنے کے عمل میں مشکلات کو جلد از جلد تلاش کیا جا سکے اور اُسے مسئلہ گھمبیر ہونے سے پہلے بروقت امداد دی جا سکے۔ والدین اسکول سے بچوں کو دیے جانے والے امدادی پروگراموں کی معلومات حاصل کر سکتے ہیں اور اپنے بچے کی گھر پر مدد کر کے اسکول کے امدادی کام کو سہارا دے سکتے ہیں۔

3)
اگر بچے کو اضافی مدد کے باوجود مسلسل سیکھنے میں مشکلات درپیش ہوں تو ایسی صورت میں اسکول کیا کرے گا؟

اگر بچے کی سیکھنے کے عمل میں مشکلات اضافی مدد کے باوجود برقرار رہتیں ہیں یا زیادہ ہوتیں ہیں تو ایسی صورت میں اسکول تعلیمی نفسیات داں سے بات کرے گا اور طلبا کی سیکھنے کی ضروریات کا مزید جائزہ لینے کا اہتمام کرے گا ۔

" پرائمری اول کے طلباء کے لیےسیکھنے کے عمل میں مشکلا ت کی فوری اوراس میں مداخلت کا پروگرام "کے بارے میں مزید معلومات کے لیے برائے مہربانی بچے کے اسکول سے رابطہ کریں یا مندرجہ ذیل ویب سائیٹس کا دورہ کریں:

- خصوصی تعلیم کے وسائل کا سنٹر، محکمہ تعلیم
  http://www.edb.gov.hk/tc/edu-system/special/resources/serc/index.html
- انکلیوژن پویلین، ہانگ کانگ تعلیمی شہر
  http://www.hkedcity.net/sen/

## تحقیقا ت

### تعلیمی نفسیات کی خدمت کا سیکشن
### محکمہ تعلیم

| | |
|---|---|
| ہانگ کانگ | 3695 0486 |
| کولون | 3698 4321 |
| نئے مشرقی علاقہ جات | 3547 2228 |
| نئے مغربی علاقہ جات | 2437 7270 |

محکمہ تعلیم کی طرف سےشائع کردہ
گورنمنٹ لاجسٹکس ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے پرنٹ شدہ
ہانگ کانگ خصوصی انتظامی خطہ کی گورنمنٹ